**10.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... مہتاب عالم

**Music**

☆ مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے اس بات پر زور دیا ہے کہ غیر بینکاری اقتصادی کمپنیوں کی جانب سے قرض واپس لینے کا عمل منصفانہ طریقے اور پروقار انداز سے انجام دیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی شمولیت کو اقتصادی استحصال کے جواز کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

☆ انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ نے سٹے بازی کے ایپس کو فروغ دینے کیلئے وِجے Deverakonda، پرکاش راج اور رانا Daggubati سمیت 29 شخصیات کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ دو روز کیلئے مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور وِدربھ میں شدید بارش کا اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ شدید بارش سے گروگرام میں معمولات زندگی درہم برہم ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، آج سہ پہر اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی کے تحت بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تیسرا ٹیسٹ میچ لارڈس میں شروع ہورہا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**SITHARAMAN-NBFC**

خزانے کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ غیر بینک کاری مالی کمپنیوں NBFCs کی جانب سے قرضوں کی وصولی صاف ستھرے اور پُروقار انداز میں اور RBI کے ضابطوں کے مطابق کی جانی چاہیئے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں NBFC سمپوزیم 2025 سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مالی شمولیت کو مالی استحصال کے بہانے کے طور پر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ **SB - Sitharaman - NBFC**

وزیر موصوف نے اِس ضرورت کو اجاگر کیا کہ NBFCs اپنے طور طریقوں اور ضابطوں کے حصے کے طور پر کارکردگی، خطرے کے بندوبست اور صارفین کے تحفظ کو شامل کرے۔**x**

**PM-NAMIBIA ROUNDUP**

وزیرِ اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں گھانا، Trinidad & Tobago، ارجنٹینا ، برازیل اور Namibia کے کامیاب دورے کے بعد نئی دلّی واپس آگئے ہیں۔ دورے کے آخری مرحلے کے دوران بھارت اور Namibia نے وزیرِ اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں مفاہمت کے دو اقرارناموں پر دستخط کئے ، جو Namibia میں کاروبار کے فروغ کے مرکز کے قیام اور صحت اور دواؤں کے شعبے میں اشتراک سے متعلق ہیں۔

دورے کے دوران تین اہم اعلانات بھی کئے گئے، جو اِس سال بعد میں Namibia میں ڈجیٹل ادائیگی نظام کے آغاز اور بھارت کی قیادت والے Coalition for Disaster Resilient Infrastructure سے متعلق عالمی اقدامات میں Namibia کی شمولیت اور عالمی بایو ایندھن اتحاد سے متعلق ہیں۔ دورے کے دوران میڈیا سے بات کرتے ہوئے، وزارتِ خارجہ میں مشرقی خطے کے سکریٹری Dammu Ravi نے بتایا کہ کل Windhoek میں وزیرِ اعظم مودی اور Namibia کے صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کے درمیان وفد کی سطح کی بات چیت کے دوران بہت سے امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ x

**ED-ACTORS**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے 29 اداکاروں، Influencers اور Youtubers کے خلاف مبینہ طور پر غیر قانونی سٹہ بازی کو فروغ دینے کے سلسلے میں کالے دھن کو جائز بنانے کا ایک معاملہ دائر کیا ہے۔ اِس طرح کی کارروائی Public Gambling Act کی خلاف ورزی ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے جن لوگوں پر مقدمہ دائر کیا ہے، اُن میں فلم اداکار Vijay Deverakonda، رانا Daggubati، پرکاش راج، نِدھی اگروال اور Pranitha Subhash شامل ہیں۔ یہ تحقیقات تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں دائر کی گئی پانچ FIR کی بنیاد پر کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت کی جارہی ہیں۔

ذرائع نے بتایا ہے کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کو شبہ ہے کہ اس کام کیلئے Junglee Rummy، A23، JeetWin ، Parimatch اور Lotus365 سمیت دیگر پلیٹ فارمس کا استعمال کیا گیا ہے۔ یہ پتہ لگانے کیلئے بڑے پیمانے پر چھان بین جاری ہے کہ اِن Apps کے ذریعے غیرقانونی طور پر کتنی رقم حاصل کی گئی ہے اور اِن شخصیات کا اِس میں کیا کردار رہا ہے۔ x

**JHARKHAND-EZC MEETING**

مشرقی زونل کونسل کی 27 ویں میٹنگ آج رانچی میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی صدارت میں شروع ہوئی۔ اس

میٹنگ کا مقصد چار ریاستوں جھارکھنڈ، بہار، اوڈیشہ اور مغربی بنگال پر مشتمل ملک کے مشرقی حصے کیلئے مرکز کی جانب سے کئے گئے ترقیاتی اقدامات پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن مانجھی اور نائب وزیراعلیٰ پاروتی پاریدا، بہار کے نائب وزیراعلیٰ سمراٹ چودھری اور ریاستی وزیر وِجے چودھری اِس میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں۔ اس سے قبل جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ ہیمنت سورین نے سرکردہ شخصیات کا خیر مقدم کیا۔ بند کمرے کی ایک میٹنگ جاری ہے۔ بہار، اوڈیشہ اور مغربی بنگال کے درمیان زیر التوا بین ریاستی معاملات سمیت سابقہ کونسل میٹنگوں کی جانب سے کئے گئے فیصلوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

**PM-GURU PURNIMA**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گرو پورنیما کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔×

**ED-BEGALURU**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ بنگلورو میں پانچ مقامات پر تلاشی کی کارروائی کررہا ہے۔ یہ کارروائی کرناٹک کے MLA ایس این سُبّا ریڈی اور اُن کے کنبے کے ارکان کے پاس ایسے غیرملکی اثاثوں کے سلسلے میں کی جارہی ہے، جن کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ انکشاف نہیں کیا گیا تھا۔ تلاشی کی کارروائی ملزموں اور ان کے اہم ساتھیوں کی رہائش گاہوں اور کاروباری ٹھکانوں پر انجام دی جارہی ہے۔ اُن پر الزام ہے کہ انہوں نے جن غیرملکی اثاثوں کا انکشاف نہیں کیا تھا، اُن میں غیرملکی کھاتوں میں رکھی گئی رقم، موٹر گاڑیوں میں لگائی گئی رقم اور ملیشیا، ہانگ کانگ اور جرمنی سمیت دیگر ملکوں میں غیرمنقولہ املاک شامل ہیں۔ x

**J&K AMARNATH YATRA**

آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بنیادی کیمپ سے 7 ہزار 300 عقیدتمندوں کا ایک اور جتھا امرناتھ گپھا کے درشن کیلئے وادی کشمیر روانہ ہوا۔ یہ عقیدتمند 284 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی کیمپ سے روانہ ہوئے۔ اس دوران کُل تقریباً 17 ہزار عقیدتمندوں نے پوتر امرناتھ گپھا کے درشن کئے، جس کے بعد اِس سال اب تک درشن کرنے والوں کی کُل تعداد ایک لاکھ 28 ہزار ہوگئی ہے۔×

**DELHI NCR EARTHQUAKE**

دلّی اور NCR میں آج صبح زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے، جس کی شدت ریکٹر پیمانے پر 4 اعشاریہ چار تھی۔ زلزلے سے متعلق قومی مرکز NCS کے مطابق زلزلے کا مرکز ہریانہ کے جھجھر میں تھا۔ ×

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور وِدربھ میں اگلے دو روز کے دوران گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج ملک کے شمالی اور مشرقی حصوں میں شدید سے اوسط بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِن میں جموں وکشمیر، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور مشرقی اترپردیش شامل ہیں۔موسمیات کے محکمے نے کہا کہ اِس مہینے کی 15 تاریخ تک مشرقی راجستھان اور اتراکھنڈ میں شدید سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

IMD نے اگلے چھ روز کے دوران ملک کے شمال مشرقی حصوں، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں اسی طرح کے موسم رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج کیرالہ اور کرناٹک کے ساحلی علاقوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

**DELHI-NCR TRAFFIC**

دلّی اور NCR کے مختلف حصوں میں آج صبح اوسط سے شدید بارش ہوئی، جس سے موسم مزید خوشگوار ہوگیا۔ شدید بارش کے سبب پانی جمع ہوجانے سے ITO، دھولہ کنواں، نہرو پلیس، نانگلوئی اور مُنڈکا سمیت قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں ٹریفک کی آمد ورفت متاثر ہوئی۔ شدید بارش کے پیش نظر گروگرام کی DDMA نے سبھی کارپوریٹ دفاتر اور نجی اداروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ آج اپنے سبھی ملازمین کو گھر سے کام کرنے دیں۔ اُس نے کہا کہ اِس سے ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ میں کمی آئے گی اور شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ اب تک دلّی میں 16 اعشاریہ چھ سات ملی میٹر، جبکہ گروگرام میں 133 ملی میٹر بارش درج کی جاچکی ہے۔×

**DELHI-IMD WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ 24 گھنٹے کے دوران دلّی اور اُس سے متصل NCR خطے اور پنجاب میں بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں IMD کے سینئر سائنسداں R.K Jenamani نے مطلع کیا کہ آئندہ دو روز کے دوران پنجاب، ہریانہ، ہماچل پردیش، اترپردیش اور جموں وکشمیر سمیت ملک کے شمال مغربی حصے میں شدید بارش جاری رہے گی۔×

**GUJRAT-BRIDGE COLLAPSE**

گجرات کے وڈودرہ ضلع میں دریا پر بنے ایک پُل کے گرجانے کے حادثے میں مزید تین لاشیں برآمد ہونے کے ساتھ

مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 12 ہوگئی ہے۔ گُل Padra قصبے کے Gambhira گاؤں کے نزدیک چار دہائی پرانے پُل کے ایک حصے کے مہیساگر دریا میں گرجانے سے مختلف گاڑیاں دریا میں گر گئی تھیں۔ بچاؤ کارروائی اب بھی جاری ہے۔ ضلع انتظامیہ بچاؤ کارروائیوں کی مسلسل نگرانی کررہی ہے۔ اس دوران وزیرِاعلیٰ بھوپندر پٹیل نے اس واقعے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔×

**BRAZIL-PREZ ON TRUMP**

برازیل کے صدر Lula da Silva نے برازیل میں تیار کی گئی اشیاء پر 50 فیصد محصولات عائد کرنے کے امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اعلان پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے، کسی بھی قسم کے غیرملکی کنٹرول کو مسترد کردیا ہے۔ محصولات سے متعلق اپنے تازہ مراسلے میں ٹرمپ نے برازیل پر امریکی Tech کمپنیوں پر حملے اور برازیل کے سابق صدر Jair Bolsonaro کو ہراساں کئے جانے کا الزام لگایا ہے۔

جناب Jair Bolsonaro پر 2022 کے چناؤ کے نتیجے کو بدلنے اور انہیں ناکام بنانے کی سازش میں اُن کے رول کے سلسلے میں مقدمہ چل رہا ہے۔ برازیل کے اقتدارِ اعلیٰ کا ذکر کرتے ہوئے صدر Lula da Silva نے کہا کہ وہ کسی طرح کی سرپرستی کو قبول نہیں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو لوگ تختہ پلٹنے کی کارروائی میں ملوث تھے، اُن کے خلاف عدالتی کارروائی کا معاملہ برازیل کے دائرۂ اختیار میں آتا ہے اور یہ کسی بھی طرح کی غیرملکی مداخلت کا معاملہ نہیں ہے۔ x

**CRICKET-IND ENG**

کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان پانچ میچوں کی اینڈرسن - تینڈولکر ٹرافی سیریز کا تیسرا ٹیسٹ میچ آج لارڈس میں شروع ہورہا ہے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے سے کھیلا جائے گا۔ تیز گیند باز جسپریت بمرا، ٹیم میں واپسی کر رہے ہیں، جنہیں برمنگھم ٹیسٹ میں آرام دیا گیا تھا اور اس سے بھارتی گیند بازی کو مزید تقویت ملے گی۔

میچ سے پہلے لندن میں ایک پریس بریفنگ میں بھارتی ٹیم کے نائب کپتان رشب پنتھ نے کہا کہ یہ ایک اچھا مقابلہ ہوگا، کیونکہ Jofra Archer ایک لمبے وقفے کے بعد ٹیسٹ میچ کھیل رہے ہیں۔

**WIMBLEDON TENNIS**

ومبلڈن ٹینس میں سربیا کے کھلاڑی نوواک جوکووِچ، اٹلی کے کھلاڑی Flavio Cobolli کو ہراکر ریکارڈ چودھویں مرتبہ مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے کُل آل انگلینڈ کلب میں، اپنے حریف کھلاڑی کو تین-ایک سے ہرایا۔ اب سیمی فائنل میں جوکووچ کا مقابلہ اٹلی کے عالمی نمبر ایک کھلاڑی Jannik Sinner سے ہوگا۔

Sinner نے کوارٹر فائنل میں امریکہ کے دسویں درجے کے کھلاڑی Ben Shelton کو تین-صفر سے ہرایا۔ اسی دوران

ومبلڈن کے پچھلے دو فائنل میں جوکووِچ کو شکست دینے والے کھلاڑی **Carlos Alcaraz** کا مقابلہ کل دوسرے سیمی فائنل میں امریکہ کے پانچویں درجے کے کھلاڑی **Taylor Fritz** سے ہوگا۔ دفاعی چمپیَن **Carlos Alcaraz**، برطانیہ کے کھلاڑی **Cameron Norrie** کو ہراکر سیمی فائنل میں پہنچے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆